حضرت صومعی کاشمیری

کتنی بدلی ہے زمانے کی ہوا تیرے بعد

(جیون ساتھی اختر سعیدہ کی وفات پر)

تو کہ معصوم تھی انوارِ سحر کی مانند
تری ہستی تھی چمن میں. گل تر کی مانند
ترے دم سے تھا محبت بھرے رشتوں کو ثبات
تری خوشبو سے مہکتے تھے درو بام حیات
کتنی دھندلی ہے رہِ عشق و وفا تیرے بعد
کتنی بدلی ہے زمانے کی ہوا تیرے بعد
میں ہمیشہ ترے اخلاق کا گرویدہ رہا
ترے حالات کی افتاد سے رنجیدہ رہا
تو وہ سادہ تھی کہ سائے سے بھی ڈر جاتی تھی
گھر کے آنگن میں بھی جاتے ہوئے گھبراتی تھی
آہ اب شہر خموشاں ترا مدفن ٹھہرا
دور جنگل میں ترا دائمی مسکن ٹھہرا
اب یہی خاک کی ڈھیری ترا گھر ہے بی بی
اس میں کھڑکی ہے نہ دروازہ نہ در ہے بی بی
اس خرابے پہ چڑیلوں کی عملداری ہے
جن کی فطرت ہی میں سفا کی وخونخواری ہے
میں بھی منزل گہ ہستی کو رواں ہوں بی بی
یوں تو زندہ ہوں مگر زندہ کہاں ہوں بی بی
میں بھی آنے کو ہوں اے راحت جاں تیرے پاس
دشتِ ظلمات میں اے حورِ جناں تیرے پاس

بارگاہِ صمدیت میں صدا دیتا ہوں
تیری تُربت پہ کھڑا تجھ کو دعا دیتا ہوں
شافعِ روزِ جزا اپنا بنالیں تجھ کو
اپنے دامانِ شفاعت میں چھپالیں تجھ کو
رحمتِ حق تیرے درجات کو بالا کر دے
نورِ یزداں تری تُربت میں اجالا کر دے
جانِ جاناں تری بے لوث محبت کو سلام
تری عزت تری حرمت تری عظمت کو سلام

(جولائی ۱۹۹۴ء لاہور)

فون بستانِ عائشہ: 511356 فون مدرسہ: 511961

مدرسہ بستانِ عائشہ

طالبات کی دینی تعلیم و تربیت کی عظیم درسگاہ

میں دو نئی درسگاہیں زیرِ تعمیر ہیں اہلِ خیر سے التماس ہے کہ اس کارِ خیر کی تکمیل کے لئے
فوری طور پر اپنے عطیات ارسال فرمائیں (جزاکم اللہ تعالیٰ)

ترسیل زر کے لئے:

بذریعہ منی آرڈر: سید عطاء المحسن بخاری، دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
بذریعہ بینک ڈرافٹ یا چیک: سید عطاء المحسن بخاری اکاؤنٹ نمبر 29932 حبیب بینک حسین آگاہی ملتان

واقعہ کربلا اور اس کا پسِ منظر (مولانا عتیق الرحمن سنبھلی)

ایک نئے مطالعے کی روشنی میں

تحقیق کی دنیا میں علماء اور دانشوروں سے دادِ تحسین وصول کرنے والی
نہایت متوازن اور مسلکِ حق کی ترجمان کتاب

قیمت 150 روپے (بخاری اکیڈمی مہربان کالونی ملتان)